وزیراعلی پنجاب کے فارمیسی الیکشن 2014 میں مبینہ دھاندلی برپا کرنے اور اختیارات کے غیر قانونی استعمال کی مزمت

پریس ریلیز(Press releaes)

Date: August 23, 2014

No.: 321/14PA

فارماسسٹ الائینس (Pharmacist Alliance) پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن(PPA) ملک کے موجودہ سیاسی بحران اجلداز جلد حل کیلئے دعا گو ہے۔ہم ایک پیشہ ورانہ تنظیم ہونے کی وجہ سے کسی بھی سیاسی، گروہی اور فرقہ ورانہ وابستگی کا انکار کرتے ہیں۔لہذا، ہم تحریک انصاف، تحریک منہاج القرآن، جماعت اسلامی، پیپلز پارٹی، (PML (N وغیرہ کے سیاسی عزائم و مقاصد کو ایک طرف رکھتے ہوے صرف اور صرف پیشہ فارمیسی کی ترقی و بڑھوتری کو ترجیح دیتے ہیں۔

مگر اسکے ساتھ ساتھ یقیناً ہم مجموعی ملکی سیاسی، معاشی اور سماجی حالات سے الگ نہیں رہ سکتے۔ اور فارمیسی پیشہ کے گذشتہ الیکشن 2014 میں ہونے والی مبینہ دھاندلی، بددیانتی اور سرکاری اختیارات کے غیر قانونی استعمال کا جناب وزیراعلی پنجاب کو زمہ دار سمجھتے ہیں۔جنکی سرکردگی میں جناب چیف ڈرگ کنٹرولر اور صوبائی کوالٹی کنٹرول کے نگران نے سرکاری اختیارات کا غیر قانونی استعمال کیا۔انتخابی بددیانتی اور دھاندلی برپا کی۔جسکی تمام تر تفصیل ہمارے جاری کردہ قرطاس ابیض (White paper) نمبر 317/14-PA؛ مورخہ July 21, 2014 میں موجود ہے۔جناب وزیراعلی پنجاب کا ہمارے جاری کردہ قرطاس ابیض پر کسی قسم کی کاروائی نہ کرنا انکے اس مکروہ دھندے میں ملوث ہونے کی کھلی دلیل ہے۔لہذا ہم شریف برادران اور (PML (N کے فی الحال انتخابی دھاندلیاں برپا کرنے اور سرکاری وسائل و اختیارات کے غیر قانونی استعمال کے قائل ہیں۔

اور فارمیسی برادری، پاکستانی عوام، ملکی عدلیہ اور اہل دانش علم و دانش سے امید کرتے ہیں کہ ملک میں قانون و انصاف کی بالا دستی کیلئے مسلسل جدوجہد جاری رکھیں گے۔اور اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ ملک و قوم کو ظلم و بددیانتی کرنے والے شر پسند عناصر سے نجات عطا فرمائے۔ آمین

فارماسسٹ الائینس (Pharmacist Alliance)؛ پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن

پروفیسر ڈاکٹر طہٰ نذیر (B.Pharm., M.Phil., Ph.D.) **Patron:** Pharmacist Alliance, PPA (Tel.:03212220885)

طاہر فاروق ((B.Pharm., M.Phil.) **President**: Pharmacist Alliance, PPA . (Tel.:03219600118)